فوری ریلیز کے لیے: 2022/2/12　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک کے 38 فاریسٹ رینجرز کی گریجویشن کا اعلان کر دیا***

## ***نئے بھرتی شدگان نے محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے جنگلات کی حفاظت کرنے والے ڈویژن کی صفوں میں شمولیت اختیار کی***

## ***فارسٹ رینجرز پر نیو یارک کی کمیونٹیز اور قدرتی وسائل کی حفاظت کی ذمہ داری ڈالی گئی***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک سٹیٹ فاریسٹ رینجرز کے لئے 23 ویں بنیادی اسکول سے 38 نئے گریجویٹس کا اعلان کر دیا۔ نیویارک فاریسٹ رینجرز محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے جنگلات کی حفاظت کرنے والے ڈویژن کے جزو کے طور پر ریاست کے قدرتی وسائل اور کمیونٹیز کی حفاظت کرتے ہیں اور کسی ہنگامی صورتحال مثلاً جنگل کی آگ کا مقابلہ کرنے میں ملک بھر کی ریاستوں کی مدد کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔ آج صبح لیک پلیسیڈ میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں پوری ریاست نیویارک سے سے گریجویٹس کا جشن منایا گیا جنہوں نے کلاس روم میں بھی اور فیلڈ میں بھی قانون کے نفاذ اور قدرتی وسائل پر محیط وسیع تر تربیت حاصل کی۔

"پیدل سیر کرنے والے گمشدہ یا زخمی افراد کو بچانے سے لے کر یہاں نیویارک میں اور ملک بھر میں جنگل کی آگ سے لڑنے تک، ہمارے پرعزم فاریسٹ رینجرز باقاعدگی سے ہماری کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے نقصان کے راستے میں خود کھڑے ہو جاتے ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں رینجرز کی اس نئی جماعت کی تعریف کرنا چاہوں گی کہ انہوں نے انتہائی محنت سے یہ مشکل تربیت مکمل کی اور اب وہ ان سینکڑوں دیگر افسران کی صف میں شامل ہو گئے ہیں جو روزانہ نیویارک کے شہریوں اور ہمارے قیمتی قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔"

گزشتہ چھ ماہ کے دوران ان ریکروٹس نے اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کالج آف انوائرمینٹل سائنس اینڈ فارسٹری کے وانکینا بستی میں واقع کیمپس میں اور نیوکامب شہر کے ہنٹنگٹن وائلڈ لائف فاریسٹ میں سخت تربیت حاصل کی۔ مئی میں اکیڈمی میں داخلہ لینے والے ابتدائی 40 رینجر ریکروٹس کو مشکلات سے بچانے اور نکالنے کے متفرق طریقوں کی وسیع پیمانے پر تربیت دی گئی تھی - اس میں بذریعہ رسی بچانا بھی شامل ہے - اور اس کے علاوہ انہوں نے دیگر مہارتیں بھی حاصل کیں مثلاً جنگل کی آگ کو دبانا، پہلے سے طے شدہ جگہوں پر آگ لگانا، پانی میں پھنسے لوگوں کو بچانا، اور جنگلی حیات کا تحفظ۔ ریاست کے مجموعی طور پر 159 میں سے 38 گریجویٹس فاریسٹ رینجرز فورس میں شامل ہوں گے۔

**محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "مجھے ان افراد پر انتہائی فخر ہے جنہوں نے فاریسٹ رینجرز بننے کے لئے سخت ترین تربیت حاصل کرنے اور سخت محنت کرنے کا انتخاب کیا اور نیویارک کے ماحول اور عوام کی حفاظت کے لئے 1800 کی دہائی کے اواخر میں پہلی بار شروع ہونے والی قابل فخر روایت کو جاری رکھا۔ اب جبکہ یہ نئے رینجرز اپنی ریاستی سروس میں اس عظیم، چیلنجنگ اور قابلِ فخر کیریئر کا آغاز کرنے جا رہے تو میرے پاس انکے لئے کامیابی کی دعاؤں سے زیادہ بڑا تحفہ کوئی نہیں۔"

**جنگلات کے محافظ محکمے میں ماحولیاتی تحفظ ڈویژن کے ڈائریکٹر John Solan محکمہ نے کہا،** "پوری ریاست پر محیط پانچ ملین ایکڑ سے زیادہ زمین پر گشت کرنے والے ہمارے فاریسٹ رینجرز یہ امر یقینی بنانے کا عزم مصمم رکھتے ہیں کہ عوام ہماری ریاست کے قدرتی ماحول سے بحفاظت لطف اندوز ہو سکیں اور اسکے ساتھ ساتھ وہ ہمارے قیمتی قدرتی وسائل کی حفاظت کی تگ و دو میں بھی مصروف رہتے ہیں۔ یہاں نیویارک میں ہمارے فاریسٹ رینجرز اپنی ذمہ داریوں کی صدا پر لبیک کہنے کے علاوہ دیگر ریاستوں کی مدد کرنے کے لئے اپنی حاصل کردہ سخت تربیت کا استعمال کرتے ہیں اور جنگل کی آگ بجھانے اور لاپتہ افراد کو تلاش کرنے یا دیگر عوامی خدمات کے لئے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی مدد میں کوشاں رہتے ہیں۔میں ان حضرات اور خواتین کو اپنی صفوں میں شامل کرتے ہوئے انتہائی پرجوش ہوں۔"

گریجویشن کے بعد، ریکروٹوں کو گشت کے علاقے تفویض کیے جاتے ہیں اور وہ ان فاریسٹ رینجرز کی صفوں میں شامل ہوجاتے ہیں جو فی الوقت پوری ریاست میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ 2021 میں محکمہ ماحولیاتی تحفظ فاریسٹ رینجرز نے تلاش اور بچاؤ کے 426 مشن انجام دیے، جنگل کی آگ بجھائی، پہلے سے طے شدہ جگہوں پر آگ لگانے کی کاروائی میں حصہ لیا جس سے سیکڑوں ایکڑ زمین کو دوبارہ زندگی ملی، اور ایسے امور پر کام کیا جن کے نتیجے میں سیکڑوں ٹکٹ جاری ہوئے یا گرفتاریاں ہوئیں۔ نیویارک کے فاریسٹ رینجرز کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کی ویب سائٹ
https://www.dec.ny.gov/regulations/41086.html اور
https://www.dec.ny.gov/about/732.html ملاحظہ کریں

**محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے 23 ویں بنیادی اسکول برائے فاریسٹ رینجرز کے گریجویٹس کی فہرست نیچے ملاحظہ کریں:**

Matthew P. Adams, Lake Clear
Gregory M. Bowler, Saranac Lake
Ashly M. Carabetta, New Rochelle
Nicholas K. Caswell, Warrensburg
Kaitlyn E. Clute, Saratoga Springs
Alexander M. Cooley, Oswego
David P. Corey, Tupper Lake
Peter J. Dempf, Bethlehem
Sean P. Dixon, Watertown
Audrey P. Emerson, Greig
Charles R. Foutch, Syracuse
Aaron D. France, Schoharie
Chelsea L. Geyer, Northville
Mary E. Greagan, Bethlehem
Robert G. Hamm, Pittstown
Michael E. Holdridge, Peru
Erich F. Horn Jr., Kingston
Jacob C. Jansen, Tupper Lake
Nathaniel S. Laymon, Ilion
Jacob R. Maxwell, Chittenango
Michael D. Miller, Branchport
Evan R. Nahor, Long Lake
Allison M. O'Connell, Lake Pleasant
Patrick J. Odell, Keene Valley
Joseph G. Ordway, Canisteo

Christopher J. Pelrah, Constantia
Seamus K. Peterson, Hicksville
Paul D. Quinones, Saratoga Springs
Jane C. Raffaldi-Smith, West Hurley
Ryan E. Richer, Horseheads
Allison M. Rooney, Keene
Aubrey M. Russo, Patchogue
Timothy J. Schweider, Lindenhurst
Neilson J. Snye, Tupper Lake
Tanner D. Stone, Schroon Lake
Nicholas D. Streczywilk, Cheektowaga
Dustin T. Vaile, Camden
Jacqueline K. Waligory, King Ferry

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418